## سوال

(788)قرآن کی قسم اٹھانا کیسا ہے ؟

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

خالق کائنات کے سوا مخلوق کی قسم اٹھانا ناجائز ہے تو قرآن جو کلام اللہ اور غیر مخلوق ہے، کی قسم اٹھائی جا سکتی ہے ؟ (زبیر احمد اظہر۔گوجراں والا) (۲۱ ستمبر ۲۰۰۱ء)

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

قرآن چونکہ اللہ کی صفت ہے لہٰذا اس کی قسم کھائی جا سکتی ہے ۔ عون المعبود(۲۱٦/۳) میں ہے :

'رُوِیَ عَن بَعْضِ الصَّحَابَةِ التَّحْلِیْفُ عَلَی الْمُصْحَفِ'

''یعنی بعض صحابہ سے قرآن کی قسم کھانا مروی ہے ۔''

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی**

**جلد:3،تلاوۃِ قرآن :صفحہ:546**

محدث فتویٰ